تحقیقات و تاثرات (مجموعۂ مقالات و مضامین)

مُصنّف: ڈاکٹر سیّد رضوان علی ندوی

ناشر: ادارۂ علم و فن، کراچی

ضخامت: ۵۲۴ صفحات   سنہ اشاعت: ۲۰۰۰ء

مُبصّر: نجم الاسلام

اس کتاب کے مُصنّف ڈاکٹر سیّد رضوان علی ندوی، مولانا ابوالحسن علی ندوی مرحوم کے خاص شاگرد ہیں۔ عربی زبان و علوم کی تحصیل اور پھر تدریس کے سلسلے میں ۱۹۵۵ء سے ۱۹۸۷ء تک مسلسل عرب ممالک میں رہے ہیں۔ درمیان میں کیمبرج یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی کے لیے انگلستان میں قیام بھی کیا۔ اور اب کراچی یونیورسٹی کے شعبۂ عربی سے متعلق ہیں۔ انھوں نے پیش نظر کتاب میں اپنے اردو مقالات و مضامین کو جمع کیا ہے جو خاصے متنوع موضوعات پر لکھے گئے ہیں۔ ان مقالات و مضامین کو عمدہ ترتیب اور پیش کش کے ساتھ چھاپا گیا ہے۔ کتاب کے مشمولات میں علاوہ مقدّمے کے، تاریخ و سیاست پر سات مضامین، شخصیات و سوانح کے تحت گیارہ مقالات و مضامین، تجزیہ و تنقید کے تحت تیرہ مضامین اور دینی افکار کے تحت چار مضامین شامل ہیں۔ آخر میں عنوان "ذاتیات" کے تحت اپنی ذات کے حوالے سے مصر کے ڈاکٹر طٰہٰ حسین، پیرس کے ڈاکٹر محمّد حمید اللہ، اور کراچی کے مولانا ماہر القادری مرحوم سے اپنی ملاقاتوں کا حال لکھا ہے اور تاثرات پیش کیے ہیں۔ اسی ذیل کی ایک تحریر "دمشق سے کیمبرج تک" بھی ہے جو ایک مختصر مگر دل چسپ سفر نامہ ہے۔ غرض کہ سوا پانچ سو صفحات کی یہ کتاب بھرپور علمی زندگی گزارنے والے ایک عالِم اور اہل قلم کی علمی زندگی کا عمدہ طور پر تعارف پیش کرتی ہے۔ کتاب میں بعض مشہور عام خیالات کے رد میں مفید عالمانہ بحثیں ملتی ہیں۔ انھوں نے بعض اختلافی مسائل پر علمی قوت و توانائی کے ساتھ دادِ تحقیق دی ہے۔ اس ذیل میں بعض مقالات خصوصیت کے ساتھ قابلِ ذکر ہیں، مثلاً طبری پر شیعیت کا الزام، امام شافعی کی ابتدائی زندگی، سیّد عبداللہ شاہ غازی اور تاریخ، نورِ محمدیؐ اور حدیث جابر: ایک تحقیقی جائزہ۔ تحقیق و تصحیح اغلاط مصنف کا خاص رجحان ہے۔ بعض ایسی متعاقب تحریریں بھی شامل کتاب ہیں جو صحافتی کالم نگاروں / خطیبوں کے رد میں لکھی گئی ہیں، تاہم علمی فوائد سے خالی نہیں۔